روزنامہ

الفضل

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

ہفتہ 28 جون 2008ء 23 جمادی الثانی 1429 ہجری 28 / احسان 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 146

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

انسانی حالتوں کے سرچشمے تین ہیں نفس امارہ۔ نفس لوامہ۔ نفس مطمئنّہ۔ اورطریق اصلاح کے بھی تین ہیں۔

اول یہ کہ بے تمیز وحشیوں کواس ادنیٰ خلق پر قائم کیا جائے۔ کہ وہ کھانے پینے اور شادی وغیرہ تمدنی امور میں انسانیت کے طریقے پر چلیں۔ نہ ننگے پھریں اور نہ کتوں کی طرح مردار خوار ہوں اور نہ کوئی اور بے تمیزی ظاہر کریں۔ یہ طبعی حالتوں کی اصلاحوں میں سے ادنیٰ درجہ کی اصلاح ہے۔ یہ اس قسم کی اصلاح ہے کہ اگر مثلاً پورٹ بلیر کے جنگلی آدمیوں میں سے کسی آدمی کو انسانیت کے لوازم سکھلانا ہو تو پہلے ادنیٰ ادنیٰ اخلاق انسانیت اور طریق ادب کی ان کو تعلیم دی جائے۔

دوسرا طریق اصلاح کا یہ ہے کہ جب کوئی ظاہری آداب انسانیت کے حاصل کر لیوے تو اس کو بڑے بڑے اخلاق انسانیت کے سکھلائے جائیں اور انسانی قویٰ میں جو کچھ بھرا پڑا ہے۔ ان سب کو محل اور موقعہ پر استعمال کرنے کی تعلیم دی جائے۔

تیسرا طریق اصلاح کا یہ ہے کہ جو لوگ اخلاق فاضلہ سے متصف ہو گئے ہیں ایسے خشک زاہدوں کو شربت محبت اور وصل کا مزا چکھایا جائے۔ یہ تین اصلاحیں ہیں جو قرآن شریف نے بیان فرمائی ہیں۔

اور ہمارے سید ومولیٰ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایسے وقت میں مبعوث ہوئے تھے۔ جبکہ دنیا ہر ایک پہلو سے خراب اور تباہ ہو چکی تھی۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ (۔) یعنی جنگل بھی بگڑ گئے اور دریا بھی بگڑ گئے۔ یہ اشارہ اس بات کی طرف ہے کہ جو اہل کتاب کہلاتے ہیں وہ بھی بگڑ گئے اور جو دوسرے لوگ ہیں جن کو الہام کا پانی نہیں ملا وہ بھی بگڑ گئے۔ پس قرآن شریف کا کام دراصل مردوں کو زندہ کرنا تھا۔ جیسا کہ وہ فرماتا ہے۔ (۔) یعنی یہ بات جان لو کہ اب اللہ تعالیٰ نئے سرے زمین کو بعد اس کے مرنے کے زندہ کرنے لگا ہے اس زمانہ میں عرب کا حال نہایت درجہ کی وحشیانہ حالت تک پہنچا ہوا تھا۔ اور کوئی نظام انسانیت کا ان میں باقی نہیں رہا تھا اور تمام معاصی ان کی نظر میں فخر کی جگہ تھے۔ ایک ایک شخص صدہا بیویاں کر لیتا تھا۔ حرام کا کھانا ان کے نزدیک ایک شکار تھا۔ ماؤں کے ساتھ نکاح کرنا حلال سمجھتے تھے۔ اسی واسطے اللہ تعالیٰ کو کہنا پڑا۔ کہ (۔) یعنی آج مائیں تم پر حرام ہو گئیں۔ ایسا ہی وہ مردار کھاتے تھے۔ آدم خور بھی تھے۔ دنیا کا کوئی بھی گناہ نہیں جو نہیں کرتے تھے۔ اکثر معاد کے منکر تھے۔ بہت سے ان میں سے خدا کے وجود کے بھی قائل نہ تھے لڑکیوں کو اپنے ہاتھ سے قتل کر دیتے تھے۔ یتیموں کو ہلاک کر کے ان کا مال کھاتے تھے بظاہر تو انسان تھے۔ مگر عقلیں مسلوب تھیں۔ نہ حیا تھی نہ شرم تھی نہ غیرت تھی۔ شراب کو پانی کی طرح پیتے تھے۔ جس کا زناکاری میں اول نمبر ہوتا تھا۔ وہی قوم کا رئیس کہلاتا تھا۔ بے علمی اس قدر تھی کہ اردگرد کی تمام قوموں نے ان کا نام امی رکھ دیا تھا۔ ایسے وقت میں اور ایسی قوموں کی اصلاح کے لئے ہمارے سید ومولیٰ نبی صلی اللہ علیہ وسلم شہر مکہ میں ظہور فرما ہوئے۔ پس وہ تین قسم کی اصلاحیں جن کا ابھی ہم ذکر کر چکے ہیں۔ ان کا درحقیقت یہی زمانہ تھا۔ پس اسی وجہ سے قرآن شریف دنیا کی تمام ہدایتوں کی نسبت اکمل اور اتم ہونے کا دعویٰ کرتا ہے کیونکہ دنیا کی اور کتابوں کو ان تین قسم کی اصلاحوں کا موقعہ نہیں ملا اور قرآن شریف کو ملا۔ اور قرآن شریف کا یہ مقصد تھا کہ حیوانوں سے انسان بناوے اور انسان سے بااخلاق انسان بناوے اور بااخلاق انسان سے باخدا انسان بناوے۔ اسی واسطے ان تین امور پر قرآن شریف مشتمل ہے۔

(اسلامی اصول کی فلاسفی۔ روحانی خزائن جلد 10 ص 327)

تاریخ کی واحد ہستی

ممتاز امریکی ادیب مائیکل ایچ ہارٹ اپنی تصنیف The Hundred میں رسول اللہ کو سرفہرست قرار دینے کی وجہ بیان کرتے ہوئے لکھتا ہے۔ میں نے دنیا کی عظیم شخصیات پر قلم اٹھانے کا تہیہ کیا تو سب سے اہم مسئلہ یہ سامنے آیا کہ میں آغاز کہاں سے کروں اور کس شخصیت کو سرفہرست رکھوں اور کیوں؟ چنانچہ میں نے حضرت محمد (ﷺ) کے تذکرہ سے اپنی اس تصنیف کا آغاز کیا۔ ممکن ہے کہ میرے احباب کو اس پر حیرت ہو اور کچھ کو اعتراض بھی ہو لیکن ان پر یہ حقیقت واضح رہنی چاہئے کہ حضرت محمد (ﷺ) تاریخ عالم میں واحد ہستی ہیں جو مذہبی اور دنیاوی دونوں محاذوں پر کامیاب وکامران رہے انہوں نے نہایت عاجزانہ طور پر اپنی مساعی کا آغاز کیا۔ لیکن نہایت موثر سیاسی اور مذہبی قائد ثابت ہوئے، تیرہ سو سال گزر جانے کے باوجود ان کے اثرات آج بھی انسانوں کی ایک عظیم تعداد پر نہایت گہرے طور پر قائم ہیں۔

(The Hundred page 33)

داخلہ جامعہ احمدیہ

1۔ اس سال سے داخلہ جامعہ احمدیہ کے کام کی ذمہ داری وکیل التعلیم کے سپرد کی گئی ہے۔ لہٰذا تمام درخواستیں وکیل التعلیم تحریک جدید کو بھجوائیں نہ کہ وکیل الدیوان کو۔

2۔ درخواست امیدوار کی طرف سے ہو۔ والد/ سرپرست بھی دستخط کرے اور صدر/امیر جماعت کی سفارش ضروری ہے۔

3۔ درخواست میں تعلیم، تاریخ پیدائش اور اگر واقف نو ہیں تو اس کا حوالہ نمبر ضرور دیا جائے۔

(وکیل التعلیم)

داخلہ مدرسۃ الظفر

(معلمین کلاس)

مدرسۃ الظفر وقف جدید میں داخلہ میٹرک کے رزلٹ کے بعد ہوگا۔ انٹرویو کی معین تاریخ کا اعلان روزنامہ الفضل میں کر دیا جائے گا۔ داخلہ کے خواہشمند نوجوان اپنی درخواستیں صدر صاحب/امیر صاحب جماعت کی تصدیق کے ساتھ ناظم ارشاد وقف جدید کے نام ارسال کریں۔ داخلہ کے لئے تعلیمی معیار کم از کم میٹرک پاس اور عمر زیادہ سے زیادہ 20 سال ہونی چاہئے۔ F.A/F.Sc پاس امیدوار کیلئے عمر کی حد 22 سال ہے۔

(ناظم ارشاد وقف جدید ربوہ)

درخواست دعا

مکرم لئیق احمد عابد صاحب ایڈیشنل وکیل المال اول تحریک جدید تحریر کرتے ہیں۔

محترم چوہدری شبیر احمد صاحب وکیل المال اول تحریک جدید بوجہ اسہال بیمار ہیں۔ اسہال کی تکلیف تو اللہ تعالیٰ کے فضل سے ختم ہو گئی ہے لیکن اس کے نتیجہ میں کمزوری بہت زیادہ ہو جانے کی وجہ سے صاحب فراش ہیں۔ احباب جماعت کی خدمت میں ان کی کامل صحت یابی کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

مشعل راہ

اپنے اعمال کا محاسبہ اور پڑتال کرو

حضرت خلیفۃ المسیح الاول نے 27 جنوری 1899ء کو دھاریوال میں ایک خطبہ جمعہ ارشاد فرمایا۔ اس میں سورہ الحشر کی آیت نمبر 19 تا 21 کی تلاوت کے بعد فرمایا:۔

یہ کلمات طیبات جن کو میں نے ابھی پڑھا ہے قرآن شریف کی آیتیں ہیں جو خدا تعالیٰ کا کامل کلام ہے۔ ان پاک آیتوں میں تاکید یہ ہوتی ہے کہ یٰایھا الذین امنوا اتقوا اللّٰہ لوگو! گو مومن کہلاتے ہو (اور تم اس بات کو جانتے ہو کہ اللہ تعالیٰ گندوں اور ناپاک لوگوں کو پسند نہیں کرتا۔ وہ پاک ہے۔ پس وہ قدوس خدا پاکیزگی اور طہارت چاہتا ہے) تو پھر اس دعوائے ایمان کے ساتھ متقی بن جاؤ اور متقی بھی ظاہر کے نہیں۔ اس لئے نہیں کہ لوگ تمہیں متقی اور پرہیزگار کہیں یا مجلسوں میں تمہاری تعریف کریں۔ نہیں! نہیں!! اتقوا اللّٰہ اللہ تعالیٰ کے متقی بنو۔ متقی کے لئے یہ ضروری باتیں ہیں۔

اولاً۔ ہر ایک کام جب کرو، اٹھتے، بیٹھتے، چلتے، پھرتے، دشمنی میں، دوستی میں، عداوت اور محبت میں، مقدمہ ہو یا صلح ہو، غرض ہر حالت میں یہ امر خوب ذہن نشین رکھو کہ نہیں معلوم موت کی گھڑی کس وقت آ جاوے۔ وہ کونسا وقت ہوگا جب دنیا سے اٹھ جاویں گے اور اس وقت ماں، باپ، بیوی، بچے، دوست، یار، کنبے کے بڑے بڑے، ہمدردی کا دم بھرنے والے انسان، مال، دولت غرض کوئی چیز نہ ہوگی جو اس وقت ساتھ دے سکے۔ اس وقت اگر کوئی چیز ساتھ جا سکے گی تو وہ وہی انسان کا عمل ہوگا خواہ اچھا ہو، خواہ برا ہو اور جیسا عمل ہوگا ویسا ہی اس کا پھل ملے گا۔

جیسے تم ہر روز دنیا میں دیکھتے ہو کہ ایک زمیندار گیہوں کے بیج بو کر جو، یا جو بو کر گنے کا پھل نہیں لے سکتا پس اسی طرح پر جیسے عمل ہوں گے، بدلہ ان کے ہی موافق اور رنگ کا ہوگا۔ یہی سچی بات ہے کہ بھلے کام کا پھل دنیا اچھا اٹھاتی ہے۔ پس یہ بات ضرور ضرور یاد رکھو کہ جن کی خاطر انسان عداوتیں اور دشمنیاں کرتا ہے اور مکر وفریب اور کیا کیا شرارتیں کرتا ہے، وہ اس آخری ساعت میں اس کے ساتھ نہ جائیں گی۔ اکیلا ہی آیا ہے اور اکیلا ہی چلا جائے گا۔ بادشاہوں کی بادشاہت، امیروں کی امارت، دوستوں کی دوستی، کنبہ، گھر، پڑوس، گاؤں اور سارے شہر کے رشتہ دار یہیں رہ جاتے ہیں۔ پس ان ساری باتوں کو غور کرو اور موت کی آنے والی اور یقیناً آنے والی اور نہ ٹلنے والی گھڑی کا خیال رکھو اور اس خیال کے ساتھ ہی کل کا فکر آج کرو اور اپنے اعمال کا محاسبہ اور پڑتال کر لو کیونکہ نیک بدلہ تب ہی ملے گا جب کہ اعمال بھی نیک ہوں گے۔

ثانیاً متقی کے لئے ضروری ہے کہ اس کا ایمان سچا ایمان ہو اور اس کے عقائد نیک عقائد ہوں اور پھر اس پر اعمال بھی نیک ہوں۔ ایمان کے اصول صاف ہیں۔ قدوس اور پاک خدا قدوسیت چاہتا ہے۔ ناپاک انسان پاک ذات سے تعلق پیدا نہیں کر سکتا۔ تم اپنے اندر اس بات کو دیکھو کہ کیا کوئی بھلا مانس اور شریف پسند کرتا ہے کہ وہ بدمعاش اور بدنام آدمیوں کے ساتھ ملے اور تعلق پیدا کرے۔ پھر اس پر قیاس کرو کہ وہ خدا جو قدوسوں کا قدوس اور پاک ہے، جو تمام محامد اور خوبیوں کا مجموعہ اور سرچشمہ ہے، کب پسند کر سکتا ہے کہ گندے اور ناپاک لوگ اس سے تعلق رکھ سکیں۔ پس اگر خدا سے رشتہ قائم رکھنا چاہتے ہو اور اس کو خوش کرنا پسند کرتے اور ضروری سمجھتے ہو تو خود بھی پاک ہو جاؤ اور اس پر سچا ایمان لاؤ کہ تمام محامد اور تعریفوں اور خوبیوں کے لئے وہی ایک پاک ذات سزاوار ہے۔

جس طرح سے اللہ تعالیٰ اپنی مخلوق پر رحم کرتا اور شفقت اور پیار کی نگاہ سے دیکھتا ہے تم بھی اس کی مخلوق کے ساتھ سچی محبت اور حقیقی شفقت کرو اور رحم اور ہمدردی کے ساتھ ایک دوسرے کے ساتھ برتاؤ کرو۔ میں پھر کہتا ہوں سوچو اور غور کرو کہ تقویٰ کے سوا فائدہ نہیں۔ خدا تعالیٰ نے صاف صاف لفظوں میں اس بات کو کھول کھول کر بیان کیا ہے کہ مغرب یا مشرق کی طرف منہ کر کے نماز پڑھنا ہی نیکی نہیں بلکہ سچا ایمان خدا کو مطلوب ہے۔ اس لئے اس بات پر ایمان لاؤ کہ وہ خدا قدوس ہے، تمام رحمتوں، بزرگیوں اور سچائیوں کا سرچشمہ ہے اور اس کے قرب کے لئے ضروری ہے کہ ہم بھی اللہ تعالیٰ کی ان صفات کا پورا لحاظ رکھیں۔

(خطبات نور ص 1)

مبارک صد مبارک

ازل سے ہم نے قدرت کا یہی دستور دیکھا ہے
خدا ہو جس کا خود ناصرؔ وہی منصور دیکھا ہے

خلافت پر صدی پوری ہوئی' احسان ہے رب کا
بچشم خود ہر اک رنج و الم کافور دیکھا ہے

''مبارک صد مبارک ہو'' یہی آواز ہر دل کی
نہ خوش ہوں کیوں؟ دل مسرور کو مسرور دیکھا ہے

ستاروں میں چلیں باتیں، ہواؤں میں بھی سرگوشی
مہ کامل کے چہرے کو بہت پُر نور دیکھا ہے

نہیں ہے دُور اب منزل منڈیروں پر لکھا دیکھا
چراغِ دل یقیں کے نور سے معمور دیکھا ہے

نِدائے حق تو پھیلی ہے زمیں کے سب کناروں تک
خلافت جوبلی کا دور یہ بھرپور دیکھا ہے

ہمارا کام ہے چلنا' انہیں ہر گام ہے جلنا
ہر اک اپنی جبلّت میں سدا مجبور دیکھا ہے

نہیں پرواہ ندیمؔ انور، وفا کی راہ میں جاں کی
زمانے میں قتیلِ عشق ہی مشہور دیکھا ہے

انور ندیمؔ علوی

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دار النصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ کا دورہ امریکہ (1)

امریکہ میں ورود مسعود، خصوصی پروٹوکول، بیت الرحمٰن آمد اور امریکہ میں جماعت کی تاریخ

رپورٹ: مکرم عبدالماجد طاہر صاحب ایڈیشنل وکیل التبشیر لندن

16 جون 2008ء

آج کا دن جماعت احمدیہ کی تاریخ میں ایک انتہائی اہمیت کا حامل اور مبارک دن ہے۔ 27 مئی 2008ء سے خلافت احمدیہ کی نئی صدی کے آغاز میں یہ پہلا سفر تھا اور پہلا دورہ تھا جو حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے امریکہ کے لئے اختیار فرمایا۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپنے 13 جون 2008ء کے خطبہ جمعہ میں اس سفر کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ اس ہفتے میں امریکہ اور کینیڈا کے سفر پر جا رہا ہوں۔ دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ یہ سفر ہر طرح اپنی تائید و نصرت کے نظارے دکھاتے ہوئے بہتر فرمائے اور یہ سفر جماعت کے لئے ہر لحاظ سے بابرکت ہو اور اللہ تعالیٰ ان تمام مقاصد کا حصول آسان فرمائے جن کے لئے یہ سفر اختیار کیا جا رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان ملکوں کے احمدیوں میں ترقی کرنے کی ایک نئی روح پیدا فرمائے اور ساری دنیا کے احمدیوں میں یہ نئی روح پیدا فرمائے۔ اللہ تعالیٰ سفر میں راستے کی جو کوئی بھی مشکل ہے اس کو بھی آسان فرمائے۔ آمین

لندن سے روانگی

16 جون بروز سوموار دوپہر دو بجکر پینتیس منٹ پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز ایئرپورٹ روانگی کے لئے اپنی رہائش گاہ سے باہر تشریف لائے۔ حضور انور کو الوداع کہنے کے لئے احباب جماعت کی ایک بڑی تعداد جمع تھی۔ حضور انور نے اپنا ہاتھ ہلا کر سب کو السلام علیکم کہا اور خواتین کی طرف بھی تشریف لے گئے۔ محترمہ بی بی امۃ الجمیل صاحبہ بنت حضرت مصلح موعود کے پاس تشریف لے گئے اور خدا حافظ کہا۔ اس کے بعد حضور انور نے دعا کروائی اور دو بجکر بیالیس منٹ پر ایئرپورٹ کے لئے روانگی ہوئی۔

تین بجکر چالیس منٹ پر حضور انور ہیتھرو ایئرپورٹ پر پہنچے۔ حضور انور کی آمد سے قبل سامان کی بکنگ اور امیگریشن کی کارروائی مکمل ہو چکی تھی۔ جونہی حضور انور اپنی کار سے باہر تشریف لائے تو ایئرپورٹ کی سپیشل سروسز کی مینیجر مسز PAM نے حضور انور کو خوش آمدید کہا اور VIP پروٹوکول دیتے ہوئے Fast Track سے حضور انور کو اپنے ساتھ ایئرپورٹ کے اندر لے گئیں اور حضور انور نے کچھ دیر کے لئے فرسٹ کلاس لاؤنج میں قیام فرمایا۔

ایئرپورٹ پر حضور انور کو الوداع کہنے کے لئے مکرم منصور احمد شاد صاحب نائب امیر یو۔کے، مکرم مربی انچارج صاحب یو۔کے، مرکزی وکلاء اور جماعتی عہدیداران قافلہ کے ساتھ آئے تھے۔ حضور انور نے ایئرپورٹ کے اندر جانے سے قبل نائب امیر صاحب یو۔کے اور دیگر افراد کو شرف مصافحہ بخشا۔

جماعت احمدیہ امریکہ نے سفر کے تعلق میں بعض امور کی تکمیل کے لئے دو افراد مکرم منعم نعیم صاحب نائب امیر جماعت امریکہ اور چوہدری نصیر احمد صاحب پر مشتمل وفد لندن بھجوایا تھا۔ امریکہ سے آنے والے یہ دونوں احباب بھی اس سفر میں قافلہ کے ساتھ تھے۔

چار بجکر پچاس منٹ پر حضور انور جہاز میں سوار ہونے کے لئے VIP لاؤنج سے روانہ ہوئے۔ سپیشل سروسز کی مینیجر حضور انور کے ساتھ تھیں۔ وہ حضور انور اور حضرت بیگم صاحبہ مدظلہا کو جہاز کے اندر سیٹ پر بٹھا کر اور جہاز کے CSD (کیبن سروسز ڈائریکٹر) کو حضور انور کا تعارف کروا کر پھر واپس گئیں۔

امریکہ میں آمد

برٹش ایئرویز کی پرواز BA1293 پانچ بجکر چالیس منٹ پر ہیتھرو ایئرپورٹ لندن سے واشنگٹن (امریکہ) کے Dulles ایئرپورٹ کے لئے روانہ ہوئی۔ قریباً پونے آٹھ گھنٹے کی مسلسل پرواز کے بعد واشنگٹن امریکہ کے مقامی وقت کے مطابق شام آٹھ بجکر بیس منٹ پر جہاز واشنگٹن کے Dulles انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر اترا۔ واشنگٹن (امریکہ) کا وقت لندن (یو۔کے) سے پانچ گھنٹے پیچھے ہے۔

امیر جماعت امریکہ مکرم ڈاکٹر احسان اللہ ظفر صاحب، نائب امیر امریکہ مکرم ظہیر احمد باجوہ صاحب اور امیر صاحب امریکہ کی اہلیہ محترمہ، حضور انور اور حضرت بیگم صاحبہ کے استقبال کے لئے VIP لاؤنج میں موجود تھے۔

ابھی جہاز کی ایئرپورٹ پر آمد میں چند منٹ رہتے تھے کہ برٹش ایئرویز کی جنرل مینیجر نے امیر صاحب امریکہ کو بتایا کہ حضور کا جہاز اب ایئرپورٹ سے پانچ میل دور ہے اور اگلے دو تین منٹ میں رن وے پر اترنے والا ہے۔ وہ امیر صاحب اور دوسرے ممبران کو VIP لاؤنج کے اس حصہ کی طرف لے گئی جہاں سے جہاز ایئرپورٹ کی طرف آتے ہوئے نظر آ رہا تھا اور کہنے لگی کہ یہاں سے His Holiness کے جہاز کے اترتے ہوئے نظارہ کریں۔ چنانچہ سب کی نظروں کے سامنے چند ہی لمحوں بعد حضور انور کا جہاز ایئرپورٹ پر اتر گیا اور یوں حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے مبارک قدم پہلی بار سرزمین امریکہ پر پڑے اور امریکہ کی یہ زمین بھی ان خوش نصیب زمینوں میں شامل ہوگئی جو حضور انور کے مبارک وجود سے فیضیاب ہوئیں اور ان زمینوں پر فتوحات کے نئے دروازے کھولے گئے۔

خصوصی پروٹوکول

امریکہ کے اس انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر جہاز ایک کھلے علاقہ میں پارک ہوتا ہے جہاں سے جہاز کے مسافروں کو مخصوص بسوں جنہیں Mobile Lounge کہتے ہیں کے ذریعہ ایئرپورٹ کی عمارت تک لایا جاتا ہے اور ایسی ایک بس میں ڈیڑھ سو تک مسافروں کو لانے کی گنجائش ہوتی ہے۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا جہاز بھی ٹیکسی کرتا ہوا اپنی مخصوص جگہ پر آ کر پارک ہوا۔ ایک خاص پروٹوکول انتظام کے تحت حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے لئے ایک سپیشل Mobile Lounge کا انتظام کیا گیا تھا یہ خصوصی بس پائلٹ کے کیبن کے بعد جہاز کے پہلے دروازہ کے ساتھ آ کر لگی اس موبائل لاؤنج میں حضور انور کے استقبال کے لئے امیر صاحب امریکہ، نائب امیر صاحب امریکہ اور امیر صاحب امریکہ کی اہلیہ کے علاوہ برٹش ایئرویز کی جنرل مینیجر، کانٹی نینٹل ایئرلائن کا جنرل مینیجر اور کسٹم اینڈ بارڈر پروٹیکشن کے ایئرپورٹ مینیجر اور امیگریشن آفیسر جس نے حضور انور کے ویزوں کا پراسس کیا تھا موجود تھے۔ جونہی یہ خصوصی بس جہاز کے دروازہ کے ساتھ لگی تو ان لوگوں نے جہاز کے دروازہ کے اندر جا کر حضور انور کا استقبال کیا۔ جہاز کا یہ دروازہ صرف حضور انور اور قافلہ کے ممبران کے لئے کھولا گیا باقی تمام مسافر دوسرے دو دروازوں سے جہاز سے باہر گئے۔

ایئرپورٹ پر جہاز کے اترنے سے لے کر VIP لاؤنج میں آنے تک ایئر کانٹی نینٹل (Air Continental) کے جنرل مینیجر نے حضور انور کی آمد کی ویڈیو فلم تیار کی جب کہ کسی بھی دوسرے شخص کے لئے یہاں کیمرہ کا استعمال منع ہے۔

اس خصوصی بس (Mobile Lounge) کے ذریعہ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کو سیدھے VIP لاؤنج میں لایا گیا۔ امیگریشن کی کارروائی VIP لاؤنج میں ہی ہوئی اور حضور انور کو امیگریشن کلیئرنس پراسس میں ایک سپیشل انتظام کے تحت سہولت دی گئی۔

امیگریشن کی کارروائی مکمل ہونے کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کو VIP لاؤنج کے اس خاص دروازہ کے ذریعہ ایئرپورٹ سے باہر لایا گیا جو صرف انتہائی خصوصی اہمیت کے حامل مہمانوں اور Dignitaries کے لئے مختص ہے۔ اس دروازہ کے ساتھ ہی حضور انور کی گاڑی کھڑی کی گئی تھی۔ ایئرپورٹ سیکیورٹی نے خصوصی گیٹ کھول کر پورے اعزاز کے ساتھ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اور قافلہ کے دیگر افراد کو روانہ کیا۔

بیت الرحمان میں ورود

ایئرپورٹ سے روانہ ہو کر قریباً سوا دس بجے رات حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز جماعت امریکہ کے مرکزی سنٹر بیت الرحمان پہنچے۔ بیت الرحمٰن اور اس کے ارد گرد کے وسیع و عریض احاطہ کو بجلی کے رنگ برنگے قمقموں سے سجایا گیا تھا یہ سارا علاقہ رنگ برنگی روشنیوں سے روشن تھا۔ اپنے پیارے آقا کے استقبال اور حضور انور کے چہرہ مبارک کی ایک جھلک دیکھنے کے لئے امریکہ کے اس خطہ کے دور دراز شہروں اور بستیوں میں آباد حضور انور کے عشاق ہزاروں کی تعداد میں دوپہر سے ہی بیت الرحمٰن پہنچنا شروع ہو گئے تھے اور مرد و خواتین اور بچوں بوڑھوں کا ایک ہجوم تھا جو اپنے پیارے اور محبوب آقا کے پرنور چہرہ پر اپنی پہلی نظر ڈالنے کے لئے بیتاب تھا۔ واشنگٹن کی جماعتوں کے علاوہ یہ عشاق نیویارک، فلاڈلفیا، بوسٹن، شگاگو، ہیوسٹن، سان فرانسسکو کی جماعتوں سے بھی آئے تھے اور پھر سیاٹل، ڈیٹرائیٹ، ڈیٹن، لاس اینجلس اور کلیولینڈ کی جماعتوں سے بھی لمبے سفر طے کرکے پہنچے تھے۔ بعض لوگ تو تین تین ہزار میل سے زیادہ سفر طے کرکے پہنچے تھے۔ بچوں اور بچیوں نے رنگ برنگے خوبصورت کپڑے پہنے ہوئے تھے۔ ان احباب میں سے ایک بہت بڑی تعداد ایسے خاندانوں کی تھی جنہوں نے اپنی زندگیوں میں پہلی بار حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کو اتنے قریب سے دیکھنا تھا۔ ان کا ایک ایک لمحہ بیتابی سے گزر رہا تھا۔ MTA کے کیمرے استقبال کے اس سارے منظر کو Live نشر کر رہے تھے۔ ہر ایک کی نظر اس بیرونی گیٹ پر لگی ہوئی تھی جہاں سے کسی وقت بھی حضور انور کی گاڑی اس احمدیہ سنٹر میں داخل ہونے والی تھی۔ آخر وہ انتہائی بابرکت اور ہر ایک کے لئے یادگار اور تاریخ ساز لمحہ آ پہنچا اور ٹھیک سوا دس بجے حضور انور کی گاڑی بیرونی گیٹ کے قریب پہنچی اور حضور انور وہیں گاڑی سے نیچے اتر آئے اور اپنا ہاتھ بلند کرکے سب کو السلام علیکم کہا۔ دوسری طرف بھی ہر مرد و زن، بچوں اور بوڑھوں کے ہاتھ بلند ہو گئے۔ حضور انور اپنے عشاق کو دیکھ رہے تھے اور ان عشاق اور پروانوں کی نظریں اپنے محبوب امام کے چہرہ مبارک پر لگی ہوئی تھیں اور آنکھوں سے آنسو بہہ رہے تھے، یہ ایسے لمحات تھے کہ اپنے جذبات پر قابو

رکھنا کسی کے بس میں نہ تھا۔ یہ لوگ پہلی بار حضور انور کو اپنے درمیان انتہائی قریب سے دیکھ رہے تھے۔ فلک شگاف نعرے مسلسل لگائے جا رہے تھے اور ہر طرف سے حضور السلام علیکم کی آوازیں بلند ہو رہی تھیں۔ حضور انور احباب کے درمیان سے گزرتے ہوئے اپنا ہاتھ بلند کر کے ان کے نعروں اور السلام علیکم کا جواب دے رہے تھے اور آج امریکہ کی سرزمین پر بھی عشق و محبت کی نئی داستانیں رقم ہو رہی تھیں۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے قیام کے انتظام بیت الرحمٰن کے احاطہ میں واقع گیسٹ ہاؤس میں کیا گیا تھا۔ حضور انور احباب جماعت کے درمیان سے گزرتے ہوئے اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

پونے گیارہ بجے حضور انور نے بیت الرحمٰن تشریف لا کر مغرب و عشاء کی نمازیں جمع کر کے پڑھائیں۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور اپنی جائے رہائش پر تشریف لے گئے۔

امریکہ میں احمدیت کا آغاز

جماعت احمدیہ امریکہ کے اس مرکزی سنٹر کا مجموعی رقبہ 18 ایکڑ ہے۔ یہاں جماعت احمدیہ امریکہ کی سب سے بڑی بیت بیت الرحمٰن، کی تعمیر 1994ء میں مکمل ہوئی اور حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے اکتوبر 1994ء میں اپنے دورہ امریکہ کے دوران اس بیت کا افتتاح فرمایا۔ اس بیت میں ڈیڑھ ہزار کے لگ بھگ افراد نماز ادا کر سکتے ہیں۔

جماعت کے اس مرکزی کمپلکس میں بیت کے علاوہ جماعتی دفاتر، مشن ہاؤس ارتھ سٹیشن MTA اور مختلف رہائشی ڈیپارٹمنٹس ہیں۔

جماعت احمدیہ کی تاریخ میں 1920ء کے سال کو ایک نمایاں خصوصیت یہ حاصل ہے کہ اس سال امریکہ کی سرزمین میں جماعت احمدیہ کے قیام کا آغاز ہوا۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے حضرت مفتی محمد صادق صاحب کو جو اس وقت انگلستان میں بطور مربی کام کر رہے تھے امریکہ چلے جانے کا حکم صادر فرمایا۔ چنانچہ حضرت مفتی محمد صادق صاحب امریکہ کے پہلے مربی کے طور پر 26 جنوری 1920ء کو انگلستان کی بندرگاہ Liverpool سے روانہ ہوئے اور اکیس دن کے بحری سفر کے بعد 15 فروری 1920ء کو امریکہ کی بندرگاہ فلاڈلفیا پر اترے۔ لیکن آپ کو ملک کے اندر داخل ہونے کی اجازت نہ دی گئی اور فیصلہ کیا گیا کہ آپ جس جہاز میں آئے ہیں اسی میں واپس چلے جائیں۔

حضرت مفتی محمد صادق صاحب نے اس فیصلہ کے خلاف محکمہ آبادکاری (واشنگٹن) میں اپیل کی۔ اس پر آپ کو سمندر کے کنارے ایک مکان میں بند کر دیا گیا اور قید کر دیا گیا۔ اس مکان سے باہر نکلنے کی ممانعت تھی مگر چھت پر ٹہل سکتے تھے۔ اس کا دروازہ دن میں صرف دو مرتبہ کھلتا تھا۔

اس مکان میں کچھ یورپین بھی نظر بند تھے۔ حضرت مفتی صاحب نے موقع سے فائدہ اٹھا کر اپنے ساتھی قیدیوں کو دعوت الی اللہ شروع کر دی۔ جس کے نتیجہ میں دو ماہ کے اندر پندرہ قیدیوں نے دین حق قبول کر لیا۔

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کو جب یہ اطلاع ملی کہ حضرت مفتی محمد صادق صاحب کو امریکہ میں قید کر دیا گیا ہے تو آپ نے امریکی حکومت کے اس رویہ پر سخت افسوس کا اظہار کرتے ہوئے فرمایا:۔

”امریکہ جسے طاقتور ہونے کا دعویٰ ہے اس وقت تک اس نے ساری سلطنتوں کا مقابلہ کیا اور انہیں شکست دی ہوگی۔ روحانی سلطنت سے اس نے مقابلہ کر کے نہیں دیکھا۔ اب اگر اس نے ہم سے مقابلہ کیا تو اسے معلوم ہو جائے گا کہ ہمیں وہ ہرگز شکست نہیں دے سکتا کیونکہ خدا ہمارے ساتھ ہے۔ ہم امریکہ کے اردگرد کے علاقوں میں (دعوت الی اللہ) کریں گے اور وہاں کے لوگوں کو (مومن) بنا کر امریکہ بھیجیں گے اور ان کو امریکہ نہیں روک سکے گا اور ہم امید رکھتے ہیں کہ امریکہ میں ایک دن لا الٰہ الا اللہ...... کی صدا گونجے گی اور ضرور گونجے گی“۔

مئی 1920ء میں امریکی حکومت کی طرف سے حضرت مفتی صاحب سے پابندی اٹھائی گئی۔ جس کی فوری وجہ یہ بنی کہ ایسا نہ ہو کہ آپ نظر بند تمام قیدیوں کو احمدی بنا لیں۔ چنانچہ حکام نے آپ کے امریکہ میں داخل ہونے کا فیصلہ کر دیا۔ حضرت مفتی صاحب نے نیویارک میں ایک مکان کرایہ پر لے کر جماعت کے مشن کا آغاز کیا۔ پھر 1921ء میں آپ شکاگو منتقل ہو گئے اور باقاعدہ ایک عمارت خرید کر جماعتی مرکز قائم کیا۔ 1950ء میں شکاگو سے جماعت کا یہ مرکز واشنگٹن منتقل کر دیا گیا۔

آج اللہ تعالیٰ کے فضل سے امریکہ کے تمام بڑے شہروں میں اور ہر سٹیٹ میں احمدیہ جماعتیں قائم ہو چکی ہیں۔ **امریکہ میں اس وقت 67 مقامات پر جماعتیں قائم ہیں۔ جماعت کی 23 بیوت الذکر اور 26 مشن ہاؤسز ہیں** بعض مقامات پر بڑی وسیع و عریض عمارتیں اور بیوت الذکر تعمیر کی گئی ہیں اور اس وقت مزید 13 مقامات پر جماعت امریکہ بیوت الذکر اور سنٹرز کی تعمیر کے لئے قطعات زمین حاصل کر چکی ہے اور نئی بیوت الذکر اور مشن ہاؤسز کی تعمیر کا سلسلہ مسلسل جاری ہے۔

یہ وہی امریکہ ہے جہاں 1920ء میں جماعت احمدیہ کے پہلے مربی حضرت اقدس مسیح موعود کے رفیق حضرت مفتی محمد صادق صاحب کو ملک کے اندر داخل ہونے سے روک دیا گیا تھا اور آپ کو قید کر دیا گیا۔ اس وقت حضرت مصلح موعود نے فرمایا تھا کہ امریکہ ہمیں ہرگز شکست نہیں دے سکتا۔ امریکہ میں ایک دن لا الٰہ الا اللہ کی صدا گونجے گی اور ضرور گونجے گی۔

آج اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے سارے امریکہ میں قریہ قریہ بستی بستی احمدی آباد ہیں اور بڑی مستحکم اور مضبوط اور فعال جماعتیں قائم ہیں اور امریکہ کے چپہ چپہ پر دن رات لا الٰہ الا اللہ کی صدا گونج رہی ہے۔

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا یہ دورہ امریکہ انتہائی غیر معمولی برکتوں اور کامیابیوں کا حامل دورہ ہے اور اس کے نتیجہ میں اللہ تعالیٰ کے فضل سے اس سرزمین میں بھی جماعت کی عظیم الشان ترقی اور فتوحات کے نئے دروازے کھلنے والے ہیں اور اللہ تعالیٰ کے فضل سے جماعت احمدیہ امریکہ کامیابیوں کے ایک نئے دور میں داخل ہونے والی ہے۔

مکرم ڈاکٹر نسیم اللہ خان صاحب

اپنی جلد کی حفاظت کیجئے

جلد کی شکنیں دور کرنے کے لئے سب سے ضروری چیز یہ ہے کہ جلد کو زیادہ سے زیادہ نم آلود رکھا جائے۔ اس سے جلد پر نمودار ہونے والی لائنوں میں نمی جذب ہو جاتی ہے اور اس سے سکڑی ہوئی جلد رفتہ رفتہ اپنی اصلی حالت پر آنے لگتی ہے۔ اکثر لوگوں کا خیال ہے کہ وہ رات کو سونے سے قبل کوئی کولڈ کریم یا لوشن لگا لیں اور اس طرح جلد کی حفاظت کے اقدامات مکمل ہو جائیں گے۔ حالانکہ اس عمل سے ان کے چہرے کی جلد پر نمودار ہونے والی شکنیں دور نہیں ہوتیں۔ دراصل ہوتا یہ ہے کہ صبح جب آپ سو کر اٹھتے ہیں۔ تو آپ کا چہرہ تھوڑا سا پھول چکا ہوتا ہے۔ اس طرح سے وقتی طور پر چہرے کی جلد پر دکھائی دینے والی شکنیں چھپ جاتی ہیں۔ لیکن جب جلد اپنے اعتدال پر آتی ہے اور سوجن اتر جاتی ہے تو چہرے کی شکنیں دوبارہ منظر عام پر آ جاتی ہیں۔ آپ کو چاہئے کہ جھریوں کو دور کرنے اور ان کی روک تھام کے لئے مناسب تدابیر اختیار کریں۔ میں آپ کو اس بارے میں چند تدابیر بتاتا ہوں۔

1۔ اپنے چہرے کو دھوپ کی تمازت سے بچانے کی ہمیشہ کوشش کریں۔ کیونکہ دھوپ کی تمازت سے چہرے کی جلد کھنچ جاتی ہے۔

2۔ چہرے کی خوبصورتی اور شکنوں سے بچاؤ کے لئے دبلا پن بہت اہمیت رکھتا ہے۔ لیکن دبلا ہونے کے لئے سخت قسم کی ڈائٹنگ (Dieting) ہرگز نہ کریں۔ اگر آپ ایسا کریں گے تو اس سے آپ کے چہرے کی جلد کھنچ جائے گی۔ جس کی وجہ سے چہرے پر جھریاں پڑنا شروع ہو جائیں گی۔

3۔ سوتے وقت ایک بات کا ہمیشہ خیال رکھیں اور وہ یہ کہ کروٹ کے بل اس طرح نہ سوئیں کہ آپ کے چہرے پر زور پڑے۔

4۔ اگر آپ خاتون ہیں تو پھر اپنے چہرے کی جلد کی حفاظت کے لئے ایسی فاؤنڈیشن استعمال کریں۔ جس میں ہلکے قسم کے موسچرائزرز (Moisturizers) کی آمیزش ہو۔ سونے سے قبل چہرے کی جلد کو ہر قسم کے میک اپ سے صاف کر لیں۔ اگر میک اپ کی وجہ سے جلد پر گرد کی تہہ جمے گی تو یہ جلد کے لئے نقصان دہ ہوگی۔

۔ چہرے پر پڑنے والی شکنوں، جھریوں اور چھائیوں کا تعلق چہرے کے تاثرات سے بھی ہوتا ہے۔ بلکہ یہ حقیقت ہے کہ چہرے پر شکنیں نمودار ہونے میں چہرے کی مخصوص حرکات و سکنات اور تاثرات کا بہت دخل ہوتا ہے۔

6۔ مثال کے طور پر اگر آپ مسلسل اپنے ہونٹوں کو کھینچتے اور سکیڑتے رہیں گے یا آپ کی یہ عادت ہے کہ آپ بات بات پر اپنی پیشانی پر سلوٹیں ڈالتے ہیں۔ یا بیٹھے بیٹھے بلا ارادہ ناک سکیڑنے لگتے ہیں تو ان میں کسی عادت کی بناء پر بھی جھریاں پڑ سکتی ہیں۔ لہٰذا آپ ایسی عادات کو فوراً ختم کرنے کی کوشش کریں۔

7۔ اس طرح رونے اور منہ بسورنے سے بھی چہرے کی جلد کھنچتی رہتی ہے۔

یہ بات یاد رکھیں کہ ہمارا چہرہ ہی زندگی کے تلخ و ترش تجربات کی عکاسی کرتا ہے لہٰذا اپنی ان عادات پر کنٹرول حاصل کریں۔

8۔ جہاں تک ممکن ہو اپنے اندر روحانی خوشی پیدا کرنے کی کوشش کریں۔ اپنے چہرے کو سپاٹ رکھنے کی کوشش کریں۔ ہو سکتا ہے کہ آپ کو کسی بھی قسم کے میک اپ وغیرہ کی ضرورت ہی محسوس نہ ہو۔

9۔ زیادہ پانی پینے سے جلد پر خوشگوار اثرات پیدا ہوتے ہیں۔ کوشش کریں کہ زیادہ سے زیادہ پانی پئیں۔

اللہ تعالیٰ ہم سب کو حفظان صحت کے اصولوں پر عمل کرنے کی توفیق دے اور صحت والی لمبی خدمت دین اور خدمت خلق سے معمور زندگی عطا فرمائے اور ہمیں اپنے بچوں کی دل بھر کر خوشیاں دیکھنے کی توفیق دے۔ آمین

مالدیپ کا خوبصورت جزیرہ

اگر آپ دنیا کے کسی خوبصورت جزیرے میں چھٹیاں گزارنے کا ارادہ رکھتے ہیں تو مالدیپ کے اس جزیرے سے بڑھ کر کوئی چیز خوبصورت نہیں۔ یہ ایک جنت نما مقام ہے یہاں سے پورے یورپ کیلئے پروازیں بھی جاتی ہیں۔ اس جگہ ایک وقت میں صرف 6 جوڑے سیر و تفریح کیلئے جا سکتے ہیں۔ اگر آپ کسی اجنبی کے ساتھ یہاں رہنے کی جگہ شیئر نہیں کر سکتے تو آپ کو ایک رات کے 20 ہزار ڈالرز دینا پڑیں گے۔ یہاں 6 لگژری بنگلے ہیں۔ چار سوئمنگ پول، بڑا کتب خانہ اور شاندار ریسٹورنٹ ہے جہاں آپ اپنی پسند کا مینو طلب کر سکتے ہیں۔

مکرم مظفر احمد درانی صاحب

کینیا کے ایک جواں سال مخلص
معلم شریف جمعہ صاحب کا ذکر خیر

20 فروری 1993ء کو خاکسار کینیا کے لئے روانہ ہوا۔ کینیا مشرقی افریقہ کا ایک اہم ملک ہے۔ جہاں پر جماعت کا قیام اللہ تعالیٰ کے فضل سے حضرت مسیح موعود کی زندگی میں ہی 1896ء میں ہوگیا تھا۔

کینیا میں خاکسار کا پہلا تقرر دوسرے بڑے شہر۔ صوبہ کوسٹ کے مرکز ممباسہ میں ہوا۔ جہاں پر مکرم عبداللہ حسین جمعہ علی صاحب پہلے سے تعینات تھے۔ اس صوبہ کے ضلع کوالے (Kwale) میں جماعت کو زیادہ پذیرائی حاصل ہوئی۔ مکرم مولانا جمیل الرحمٰن رفیق صاحب امیر و مربی انچارج کینیا تھے اور مکرم مولانا بشیر احمد اختر صاحب مرحوم صوبہ کوسٹ کے مربی تھے۔ ضلع کوالے میں پہلی نمایاں کامیابی کا ذکر کرتے ہوئے حضرت اقدس خلیفۃ المسیح الرابع نے اپنے خطبہ جمعہ میں فرمایا:

”کینیا والے جانتے ہیں کہ وہاں جماعت بڑی اچھی اور مضبوط ہوا کرتی تھی............اب وہاں کے مربیان خدا کے فضل سے توجہ کر رہے ہیں لیکن ان کی توجہ سے بڑھ کر اللہ تعالیٰ خود بخود ایسے سامان پیدا فرما رہا ہے کہ کثرت سے بعض جگہ رجحان ہوا ہے۔ چنانچہ کوالے (Kwale) کے علاقے سے کئی نئی جماعتوں کے بننے کی اطلاع ملی ہے حال ہی میں 407 افراد بیعت کر کے داخل ہو چکے ہیں اور تیزی سے اس علاقے میں رجحان پیدا ہوا ہے۔ ان کو میں نے لکھا ہے کہ اس کو اور زیادہ تیزی اور شدت پیدا کرنے کی خاطر وقف عارضی کی مہم میں بدلیں۔“

(خطبات طاہر جلد 3 ص 467 خطبہ جمعہ 24 ر اگست 1984ء)

یہ مازومالومے (Mazumalume) کا علاقہ تھا جس کے چیف امام مکرم علی مکرانی صاحب اپنے علاقے کے ائمہ۔ بیوت الذکر اور متبعین سمیت سلسلہ احمدیہ میں داخل ہوئے تھے۔ مازو مالومے (Mazumalume) جوروری (Jorori) اور مسُولوا (Msulwa) نامی دیہات پر مشتمل کینیا کی یہ واحد سب چیف ڈم (Sub.Chief Dom) تھی جس کے تمام سرکاری افسران اللہ کے فضل سے احمدی تھے۔ جیسے۔ سب چیف۔ ہائی سکول کا ہیڈ ماسٹر۔ گورنمنٹ ہسپتال کا ڈاکٹر انچارج اور یونین کونسل کا منتخب ممبر وغیرہ۔ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کی اس توجہ رہنمائی اور دعا کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے ضلع کوالے میں ترقیات کے اس سلسلے کو جاری رکھا اور اس ضلع کی تمام تحصیلوں میں بکثرت جماعتیں قائم ہوئیں۔ زیادہ تر پھل واڈی گو (Wadigo) قبیلہ سے حاصل ہوئے جو نسلوں سے مومن تھے۔

مانبا (Mamba) کے علاقے واڈروما (Waduruma) قبیلہ میں بھی ہمیں نمایاں کامیابی ملی۔ اس قبیلے کے بارے میں یہ تاثر پایا جاتا ہے کہ یہ بے دین لوگ ہیں۔ اگر ایمان لے بھی آئیں تو استقامت نہیں دکھاتے۔ زومبو (Dzombo) نامی گاؤں میں اللہ تعالیٰ نے ہمیں ایسی مضبوط جماعت عطا کی جس نے مذکورہ تاثر کو سو فیصد غلط ثابت کر دیا۔ اس جماعت کے ممبران مذکورہ قبیلے سے ہونے کے باوجود پنجوقتہ نمازی بلکہ باقاعدگی سے تہجد گزار تھے۔ دعوت الی اللہ کے ایسے شیدائی کہ ہر مہم میں شریک ہونے کے لئے تیار۔ قرآن کے ایسے شیدائی کے قرآن نہ پڑھ سکنے کے باوجود تمام حوالے اور ان کا سواحیلی ترجمہ زبانی یاد کئے ہوئے تھے۔ غیروں سے بات کرتے تو زبانی حوالہ اور آیت نمبر کھلوا کران سے پڑھواتے اور اپنی دلیل قائم کرتے۔

اسی جماعت کا ایک نوجوان جو عیسائیت کی آغوش میں جاچکا تھا۔ اسے نہ صرف دین حق کی آغوش میں لانے کی توفیق ملی بلکہ اس نے زندگی وقف کر کے سینکڑوں نفوس کو سیدھی راہ دکھائی۔ اس نوجوان کا نام شریف جمعہ جو بعد میں معلم شریف جمعہ کے نام سے معروف ہوا۔

کئی سال بعد ایک مجلس میں آپ نے خاکسار کی موجودگی میں اپنے دین حق کی طرف راغب ہونے اور زندگی وقف کرنے کے ارادے کی یوں وجہ بیان کی کہ وہ احمدی مربی۔ معلم اور دیگر داعیان کو وفود کی صورت میں جاتے دیکھا کرتے تھے۔ ان کی باتیں سنیں تو صداقت کو قبول کر لیا۔ ان کا جذبہ خدمت دیکھا تو ان کی طرح وقف کر کے معلم بن کر پیغام حق پھیلانے کا عزم کیا۔ لیکن یہ خوف دامنگیر رہا کہ کیا وہ ان کی طرح ہر روز مسلسل سفر پر یہ اہم کام کر بھی سکیں گے۔

ان دنوں ہمارا دعوت الی اللہ کا طریق یہ تھا کہ میں صوبائی مرکز ممباسہ سے اپنا سائیکل لے کر زومبو (Dzombo) معلم سنٹر آتا۔ وہاں سے معلم صاحب اپنا سائیکل لیتے اور ایک دو داعیان اپنے سائیکل لیتے تو ایک سمت کو سفر شروع کر دیتے رستے میں آنے والے ہر فرد۔ ہر بستی اور ہر گھر کو پیغام حق پہنچایا جاتا۔ جہاں رات پڑ جاتی کسی قریبی یا ڈیرے پر سو جاتے اور اگلے دن پھر اس طریق پر عمل رہتا۔ علاقے کی مارکیٹ (جہاں ضرورت کی اشیاء کی چند دکانیں اور ایک دو کھانے کے سادہ سے ہوٹل ہوتے ہیں) میں جلسہ دعوت الی اللہ کیا جاتا جس کے لئے علاقہ چیف سے پیشگی اجازت لی جاتی بلکہ جلسے کی صدارت کی بھی درخواست کی جاتی اور یہی وہ جگہ ہوتی ہے جہاں پر علاقے کی سیاسی۔ انتظامی اور سماجی میٹنگز ہوتی ہیں۔ یعنی کسی بڑے سائے دار درخت کے نیچے درختوں کے کٹے تنے رکھ کر بیٹھنے کا انتظام کیا ہوتا ہے۔

جلسے کے بعد اس علاقے کے ہر گھر سے رابطہ کیا جاتا کہ ہم یہ پیغام لے کر آپ کے علاقے میں آئے ہیں۔ اگر آپ جلسے میں شامل نہیں ہو سکے تھے تو ہم خود چل کر آپ کو خدا کا پیغام پہنچانے آئے ہیں۔ اس طریقے سے اللہ تعالیٰ نے اپنے سلسلے کی تائید و نصرت کے بہت اچھے نظارے دکھائے۔ سائیکل سفر کی وجہ سے نہ کبھی رستوں کی مشکل ہوئی اور نہ کبھی رات کو قیام کا خوف ہوا۔ ہفتے عشرے کے بعد ہم اپنے سائیکل قریبی بس سٹاپ کے نزدیک کسی گھر پر چھوڑتے اور خود اہل خانہ کی خیریت معلوم کرنے اور تازہ دم ہونے کے لئے اپنے اپنے گھروں کو روانہ ہو جاتے۔ دو تین دن کے آرام کے بعد واپس آ کر پھر اپنے سائیکل لیتے اور دعوت الی اللہ کے لئے کسی دوسری سمت نکل جاتے۔

ان دنوں کینیا میں یہ طریق تھا کہ جو نوجوان وقف کے لئے تیار ہوتے ان کو مرکزی صوبائی مربی کے ساتھ لگا دیا جاتا۔ ایک وقت میں دو طلباء ایک مرکزی مربی کے ساتھ رہتے۔ درس و تدریس سنتے۔ اکٹھے دورے کرتے۔ ایک دو تین سال کے بعد جب محسوس کیا جاتا کہ اب یہ بطور معلم کام کر سکتے ہیں تو انہیں کسی جماعت میں بھجوا دیا جاتا۔ عزیز شریف جمعہ نے جب وقف کیا تو انہیں میرے ساتھ ممباسہ سنٹر میں بھجوا دیا گیا۔ اس نوجوان کو تعلیم کا بہت شوق تھا۔ اس لئے جلد جلد اس نے بنیادی مسائل کو سیکھا۔ فارغ اوقات میں بازار میں سٹال لگا کر جماعتی کتب بھی بیچا کرتا تھا۔ خاکسار کی جب اسی صوبہ کے دوسرے سنٹر اکونڈا (Ukunda) میں ٹرانسفر ہوئی تو بھی آپ میرے ساتھ ہی تھے۔ مگر جب صوبہ نیانز (Nyanza) کے سنٹر کسوموں (Kisumu) میں تعیناتی ہوئی تو خواہش کے باوجود بوجوہ میرے ساتھ نہ رہ سکے۔

1999ء میں خاکسار کینیا سے تبدیل ہو کر پڑوسی ملک تنزانیہ بھجوا دیا گیا۔ وہاں پر معلمین تیار کرنے کے لئے باقاعدہ کلاس لگتی تھی۔ شریف جمعہ صاحب کو جب اس کا علم ہوا تو تحصیل علم کے شوق میں کینیا سے میرے پاس تنزانیہ کے مرکز دارالسلام آ گئے۔ جہاں آپ نے تین ماہ تک معلمین کلاس میں تعلیم حاصل کی اور تحصیل علم کی باقاعدہ سند لے کر واپس کینیا گئے اور بطور معلم کام شروع کر دیا۔ کینیا میں معلمین کے پاس تحصیل علم کی کوئی سند نہیں ہوتی۔ اس وجہ سے آپ سند یافتہ معلوم ہونے پر بجا طور پر فخر کیا کرتے تھے۔ سرکاری دفاتر میں تعارف کے لئے اور پولیس سے جلسہ جات کی اجازت لینے کے لئے آپ بڑے شوق اور خوشی سے اپنی سند پیش کیا کرتے تھے۔

بعد میں خاکسار ایک دفعہ تنزانیہ سے کینیا کے جلسہ سالانہ میں شریک ہوا۔ جو اس سال کینیا کے مغربی صوبہ کی جماعت شیانڈا (Shianda) میں ہو رہا تھا۔ وہاں شریف جمعہ صاحب سے پھر ملاقات ہوئی جبکہ آپ کی شادی ہو چکی تھی۔ اپنی بیوی کو بلا کر تعارف کروایا۔

2003ء میں جب خاکسار دوبارہ کینیا تبدیل ہو کر صوبہ اِفٹ ویلی کے سنٹر ایلڈوریٹ تعینات ہوا تو معلم شریف جمعہ صاحب وہاں پر بطور معلم فرائض سرانجام دے رہے تھے۔ وہاں پر آپ کے احباب جماعت اور دوسرے احباب سے بہت اچھے مراسم تھے۔ ہم اکثر وہاں جلسہ جات کیا کرتے تھے۔ جس میں آپ شوق سے شامل ہوتے۔ کسی ایک موضوع پر تقریر کرتے اور سوالوں کے جوابات دیا کرتے تھے۔ وہاں پر چونکہ آزادئ رائے کا حق تسلیم کیا جاتا ہے۔ لاؤڈ سپیکر لگا کر کھلے عام جلسہ جات کی اجازت ہے۔ اس طریق سے بہت سے نوجوانوں کو دعوت الی اللہ کے لئے تیار کیا گیا۔ جو جرأت و اعتماد کے ساتھ سامعین کے سامنے کھڑے ہو کر پیغام حق پہنچاتے۔ اس سلسلے میں ضروری حوالہ جات کی پاکٹ سائز کتاب ”دعوت الی اللہ کا ہتھیار“ نے اہم کردار ادا کیا۔ جو تنزانیہ اور کینیا جماعتوں کی طرف سے شائع شدہ ہے اور سچ مچ پاکٹ بک (Pocket Book) بن چکی ہے کیونکہ ہر داعی الی اللہ کی جیب میں ہوتی ہے۔

دعوت الی اللہ کا شوق۔ سچائی کا اظہار۔ صاف ستھرا اور استری کیا ہوا لباس زیب تن کرنا بھی آپ کی نمایاں صفات تھیں۔ جماعتی جلسہ جات کے لئے بہت سارے غیر از جماعت مہمانوں کو اکٹھا کر لینا بھی آپ کے وسیع تعلقات کا نتیجہ تھا۔ دعوت الی اللہ کے شوق میں آپ دوسرے مذاہب اور فرقوں کے سنٹرز میں بھی چلے جایا کرتے تھے۔ ان سے واقفیت کرتے۔ تعلقات بڑھاتے اور گفتگو کا سلسلہ چل پڑتا۔ اسی سلسلے میں کئی مناظرانہ نشستیں بھی کیں۔ ایک مجلس جس میں عربی زبان کا بھی استعمال ہوا۔ جب ان سے دوبارہ ملنے کے لئے رابطہ کیا گیا تو اس گروپ کی طرف سے جواب ملا کہ اب ہم انتظام کر رہے ہیں کہ سعودی عرب سے کسی عالم کو بلا کر آپ سے گفتگو کروائیں۔

اگست 2004ء میں خاکسار کا تبادلہ غانا مغربی افریقہ ہو گیا تو بعد میں آپ کا تبادلہ بھی اپنے آبائی صوبہ کوسٹ میں کر دیا گیا۔ وہاں بھی نمایاں کام کرتے ہوئے آپ فروری 2008ء میں ہائی بلڈ پریشر کی وجہ سے اپنے مولیٰ کو پیارے ہو گئے۔

اللہ تعالیٰ آپ کے پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے اور جماعت کو آپ جیسے خدام دین سے نوازے۔ آمین

تقریباً 35 سال کی جواں سالی میں آپ کی وفات نے بہت صدمہ پہنچایا اور آپ کی یادوں کو تازہ کر دیا۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کو غریق رحمت کرے اور اعلیٰ علیین میں جگہ دے۔ آمین

☆☆☆

مکرم لطیف احمد صاحب

کینیڈا کا عجوبہ۔ کینیڈین نیشنل ٹاور

کینیڈا میں دنیا کے دو بڑے عجوبے ہیں۔ اس سے قبل خاکسار دنیا کے ایک عجوبہ نیاگرہ آبشار کے بارہ میں کچھ تحریر کر چکا ہے آج ایک اور عجوبہ جس کا نام ''سی این ٹاور'' ہےکے بارہ میں تحریر کر کے قارئین کی خدمت میں پیش کر رہا ہے۔ 20/ اپریل 2008ء کو میرا بیٹا ملک مسعود سلطان ڈیوٹی پر نہیں تھا۔ میں نے سی این ٹاور دیکھنے کی خواہش کی تو سعادت مند بیٹے نے فوراً حامی بھر لی۔ لہٰذا ہم ناشتہ وغیرہ کر کے چل پڑے ہماری رہائش سے 30 کلومیٹر کے فاصلے پر سی این ٹاور واقع ہے۔ ٹاور تک پہنچنے میں ہمیں تقریباً چالیس منٹ لگ گئے۔ ہر نئی چیز دیکھنے سے قبل دل کی عجیب کیفیت ہوتی ہے۔ میرا دل تو اللہ تعالیٰ کی حمد کے ترانے گا رہا تھا وہ اس لئے کہ لوگ یہ ٹاور دیکھنے کے لئے دور دراز سے بڑی بڑی رقمیں خرچ کر کے یہاں پہنچتے ہیں اور مجھے میرا لختِ جگر مفت میں دکھا رہا ہے۔ اس موقع پر احمدیت کی برکات یہ نظارہ نظر آیا کہ غالباً 1955ء میں ایک باپ یعنی میرے والد گرامی مرحوم میاں سلطان بخش صاحب آف کلر کہار اور ایک بیٹا یعنی خاکسار دونوں لاہور میں چڑیا گھر کی سیر کر رہے تھے اور آج پھر 2008ء میں ایک باپ یعنی میں اور ایک بیٹا یعنی میرا بیٹا مسعود سلطان دونوں سی این ٹاور کینیڈا کی سیر کر رہے ہیں۔

